(ضروری ہدایات)

تمام پرنسپل صاحبان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے کالج/ادارہ کے ریگولر داخلہ فارم برائے انٹرمیڈیٹ (پارٹ ون & ٹو) سالانہ امتحان 2018ء بورڈ آفس میں جمع کرنے سے پہلے تسلی کرلیں کہ کیا تمام داخلہ فارم درج ذیل ہدایات کو مدنظر رکھ کر مکمل کئے گئے ہیں؟ کیونکہ نامکمل داخلہ فارم کسی صورت قابل قبول نہیں ہونگے۔

1- انٹرمیڈیٹ پارٹ-I اور پارٹ-II کیلئے داخلہ فارم ان لائن پُر کیے جائینگے۔

2۔ Online Portal System پردی گئی ہدایات کے مطابق فارم مکمل کریں۔اس کے علاوہ ہارڈ کاپی (فارم) پر ایک تصویر کو گوند کیساتھ چسپاں کریں۔

3۔ داخلہ فارم (ہارڈ کاپی) اور فوٹو تصدیق کراتے وقت نہایت احتیاط سے کام لیں۔مہر صحیح جگہ پر لگائیں۔اور دستخط کیلئے مہر کی بجائے پین کا استعمال کریں۔یعنی ہاتھ سے دستخط کریں۔

4۔ تمام داخلہ فارم (ہارڈ کاپی) مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا کے متعلقہ سیکشن میں جمع کرایں نیز داخلہ فارم لیٹ ہونے کی صورت میں لیٹ فیس/ڈبل فیس/ٹرپل فیس چارج کی جائیگی۔اگرچہ فیس بروقت جمع کی ہو۔لہذا داخلہ فارم بروقت جمع کریں۔

2۔ تمام گورنمنٹ/پرائیویٹ/کالج وہائر سیکنڈری سکول کے پرنسپل صاحبان ریگولر طلباء وطالبات کی فیس صرف پشاور بورڈ کے دائرہ اختیار میں واقع کسی بھی الائیڈ بینک کی شاخ میں جمع کرسکتے ہیں۔

3۔ ہرگورنمنٹ/پرائیویٹ/کالج وہائر سیکنڈری سکول کو گزٹ فیس کی بجائے مبلغ -/1000 روپے USB کے لیے جمع کرانے ہونگے۔داخلہ فارم جمع کرتے وقت الگ رسید ABL میں جمع کرنی ہوگی۔

4۔ داخلہ فارم میں نام ،ولدیت، رجسٹریشن نمبر، مضامین، مستقل پتہ بمعہ رابطہ فون نمبر نہایت احتیاط کیساتھ لکھیں۔تاکہ بعد میں کسی طالب علم کو امتحان کے دوران یا بعد میں پریشانی نہ ہو۔

5۔ داخلہ فارم میں کسی بھی جگہ پر سٹیپل پن یا پیپر پن کا استعمال نہ کریں۔

6۔ پارٹ ون کے داخلہ فارم کیساتھ میٹرک کے ڈی ایم سی کی تصدیق شدہ کاپی جبکہ پارٹ ٹو کیساتھ پارٹ-I کے ڈی ایم سی کی تصدیق شدہ کاپی ضرور لگائیں۔

7۔ دوسرے بورڈز سے پارٹ ون پاس کرکے آنیوالے طالب علموں کے پارٹ ٹو داخلہ فارم کیساتھ متعلقہ بورڈ سے تصدیق شدہ (Verified) پارٹ ون ڈی ایم سی ضرور لگائیں۔تاکہ رزلٹ لیٹ نہ ہو۔

8۔ ہرگروپ کی الگ الگ (Subject/Fee Statement) بنائیں۔اور فیس بھی ہرگروپ کی الگ الگ (Computer Generated) رسید پرجمع کریں۔ فیس بنام پرنسپل جمع کریں۔داخلہ فارم کی گروپ وائز/جنس وائز الگ الگ فائل بنائیں یعنی (میڈیکل/انجنیئرنگ/کمپیوٹر سائنس/ آرٹس وغیرہ)۔

9۔ نوٹ:۔ Statistics, Economics اور General Math جنرل سائنس گروپ میں شامل نہیں ہیں بلکہ آرٹس گروپ میں شامل ہیں۔

10۔ تمام پرائیویٹ کالجز کے پرنسپل صاحبان کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ اپنے کالج کے داخلہ فارم کیساتھ کالج کی (Renewal) کاپی اور تمام طلباء کی فسٹ ائیر رجسٹریشن کاپی ضرور لگائیں۔

11۔ ۔فارمز پر غلط یا کسی اور طالب علم کی تصویر لگانے کی صورت میں متعلقہ سکول/کالج پرنسپل ذمہ دار ہوگا۔

12۔ تمام ریگولر طلباء وطالبات کے فارم رجسٹریشن کے سیریل نمبر پر بھیج دیں۔اگر ایک سال پرانا رجسٹریشن نمبر ہو تو ایسے فارمز کو سب سے اوپر رکھیں۔

13۔ اگر کوئی طالب علم آپ کے پاس کسی دوسرے کالج سے آیا ہو تو اس کے ہارڈ کاپی کے ساتھ اصلی مائیگریشن سرٹیفیکیٹ ضرور لگائیں۔

14۔ داخلہ فارمز دستخط کرتے وقت، دستخط کنندہ کا موبائل نمبر اور قومی شناختی کارڈ نمبر ضرور لکھیں۔

15۔ سالانہ امتحان کے لئے نیا online داخلہ فارم صرف ریگولر طلباء کے لیے استعمال کریں۔اور غور سے پڑھ کر اسے پُر کریں۔تاکہ کسی غلطی کی گنجائش باقی نہ رہے۔

اوپر دی گئی ہدایات اور داخلہ فارم پر دی گئی ہدایات پر مکمل عمل کریں۔تاکہ بعد میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔

(آپکے تعاون سے ہی ہم صاف اور شفاف امتحانات کا انعقاد کرکے اپنی قوم کے بچوں کا تعلیمی مستقبل بہتر بنا سکتے ہیں)۔

شکریہ

کنٹرولر آف ایگزیمینیشن

بی۔آئی۔ایس۔ای، پشاور۔